عیسائیوں کے لیے ایک معیاری نسخہ ہے۔ ان میں سے کچھ اس ترجمے کو خدا کی طرف سے الہامی قرار دیتے ہیں۔ نیا ترجمہ (NEW REVISED) "STANDARD VERSSION" کئی ماہ سے کتب فروشوں کے اسٹالوں پر دستیاب تھا۔ جبکہ اسے صرف دو ہفتے قبل من ہیٹن کے انٹر چرچ سنٹر میں استعمال کرنا شروع کیا گیا۔ تقریب میں پروٹسٹنٹ، ایسٹرن آرتھوڈوکس، کیتھولک اور یہودی عیسائیوں نے شرکت کی۔

مبصرین نے یہ بات نوٹ کی ہے کہ نئے ایڈیشن کو وسیع پیمانے پر پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ اور پروٹسٹنٹ، آرتھوڈوکس اور رومن کیتھولک ماہرین دینیات نے اس کی منظوری دے دی ہے۔ مذکر نوعیت کی زبان کو حذف کرنے کے علاوہ ترجمے میں "تاریک اور دلپسند" کی جگہ "تاریک اور خوبصورت" کے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔ اس لیے کہ تاریک شے عموماً دلپسند نہیں ہوتی۔

اسی طرح مترجموں نے ان اصطلاحات کو بھی محو کرنے کی کوشش کی ہے جو 1952ء سے ٹ جب سے آر ایس وی شائع ہوا مستعمل چلی آرہی ہیں۔ چنانچہ مناجات (5:9) کی عبارت "میں تمہارے گھر سے بیل قبول نہیں کروں گا" کو تبدیل کر کے "میں تمہارے گھر سے کوئی بیل قبول نہیں کروں گا" کر دیا گیا ہے۔

تازہ ترین ترجمے کی کامیابی کا دارومدار اس بات پر ہے کہ ایک مخصوص عیسائی، جسے بائیبل سے واسطہ پڑتا رہتا ہے، اسے کس قدر استعمال کرتا ہے۔ اس وقت ترجموں کی تعداد اتنی زیادہ ہے کہ مختلف فرقوں کی کسی خاص ترجمے کے ساتھ پختہ وابستگی بہت حد تک معدوم ہو گئی ہے۔ بہت سے عام لوگ ایک ترجمے سے دوسرے ترجمے کی جانب رجوع کرتے رہتے ہیں۔ اور تراجم کی یہ ادل بدل اس بنیاد پر ہوئی ہے کہ آیا قاری کو بائیبل کی ضرورت تعلیم کے لیے ہے یا پرائیویٹ مطالعے یا رسمی عبادت کے لیے۔ (رپورٹ اے پی ایس)

میلان کے ربّی کے لیے درس گاہ میں عہدہ

موجودہ موسم سرما میں اٹلی کے پادریوں کے لیے ایک درسگاہ میں پہلی دفعہ ایک ربّی مستقبل کے پادریوں کو یہودیت کے موضوع پر لیکچر دے گا۔ میلان نے کارڈینل کارلو ماریٹنی اور مقامی یہودی آبادی کے درمیان ایک سال کی بات چیت کے بعد میلان میں واقع دینے گونو

کے بشپی حلقے کی درس گاہ میں یہودیت کا شعبہ کھولا گیا ہے۔ میلان کے لاٹ رتی جیوسپ لارس نے کہا کہ "پادریوں کی درس گاہ میں یہودیت کی تعلیم ایک انقلابی اقدام ہے۔ اور یہ مستقبل کے لیے عظیم توقعات کی علامت ہے" کارڈنیل مارٹنی اطالوی چرچ کے حلقوں میں یہودیت کے ساتھ بہتر تعلقات کے سرگرم حامی ہیں۔ ان کے خیال میں قدیم عبرانی اور توریتی روایات کو سمجھے بغیر ایک مکمل عیسائی ہونا ممکن نہیں ہے۔ (رپورٹ کیتھولک ہیرالڈ)